© rasailojaraid.com



# چند مکتوب

(۱)

مکرمی! السلام علیکم

جولائی ۱۹۹۲ء کا "المعارف" ملا۔ شکر ہے ادارہ ثقافت اسلامیہ کے اصحاب کار کو یہ احساس ہوا کہ "المعارف" دوبارہ بطور ماہانہ جاری کیا جائے۔ یہ فیصلہ قابل صد تحسین ہے۔ اس کے مستقل خریدار بنانے کی کوشش کیجیے۔ یہ سلسلہ از سر نو شروع کرنا پڑے گا۔

نئے انتظامات کے تحت شائع ہونے والا پہلا شمارہ مضامین کے اعتبار سے معیاری ہے۔ کتابت و طباعت بھی اچھی ہے۔ مبارک باد قبول فرمائیے۔

عبدالرشید ارشد

مدیر ماہانہ "الرشید"

مکتبہ رشیدیہ۔ لوئر مال، لاہور

---

محبت مکرم! السلام علیکم

ماہنامہ "المعارف" کا شمارہ جولائی باصرہ نواز ہوا۔ اس نوازش کے لیے سراپا سپاس ہوں۔ "المعارف" کے نئے دور کا آغاز مبارک ہو۔ معیار اور تنوع کا نیا انداز بہت خوش گوار ہے۔ اب ان شاء اللہ ہر ماہ اس کے مطالعے کی سعادت حاصل ہوتی رہے گی۔

© rasailojaraid.com